AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 06-10-2026

Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔۔وزیراعظم نریندرمودی کی صدارت میں منعقدہ مرکز کابینہ میٹنگ کے دوران کئی اہم فیصلوں کو منظوری۔

✓ ۲ ۔۔۔۔۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا ملک کی دفاعی صلاحیتوں کو دوام بخشنے کیلئے ایک مضبوط اور مربوط میریٹائم ایکو سسٹم اختیار کرنے پر زور۔

✓ ۳ ۔۔۔۔۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں 25 اکتوبر کو منعقد ہونے والے انٹرنیشنل میراتھن کے سلسلے میں تیاریوں کا لیا جائزہ۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔۔ دورافتادہ اور سرحدی علاقوں میں موبائیل انٹرنیٹ کنکٹیویٹی کو مستحکم کرنے کیلئے BSNL موبائیل ٹاوروں کی تنصیب کیلئے زمین فراہم کرنے کو حکومت کی منظوری۔

خبروں کی تفصیل:

مرکزی کابینہ

نئی دلی میں وزیراعظم نریندرمودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ کی میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران ملک میں **SME** گروتھ فنڈ کے قیام کیلئے حکومت کے **10** ہزار کروڑ روپے کے حصے کو منظوری دی گئی۔ باور کیا جارہا ہے کہ اس پہل سے ملک کا کارخانہ داری نظام مستحکم ہوگا اور وکست بھارت **2047** کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

کابینہ میٹنگ کے بعد اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے انٹیگریٹیڈ ٹرانسپورٹ اینڈ لاجسٹکس کے قیام کو بھی منظوری دی۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کی بدولت ٹرانسپورٹیشن اور لاجسٹکس کے سیکٹروں میں تحقیق منصوبہ بندی اور نگرانی کا عمل مزید پائیدار رہا۔

قرارداد   دریں اثنا مرکزی کابینہ نے حکومت کی 25 برس کی قیادت کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی کے 25 برس مکمل ہونے پر انہیں مبارکباد پیش کرنے کیلئے ایک قرارداد منظور کی ہے۔

پی ایم پانی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پانی کی یقینی فراہمی محض بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے کا عمل نہیں بلکہ یہ بہتر منصوبہ بندی، مضبوط قومی نظام اور پانی کے بہتر رکھاؤ میں لوگوں کی شمولیت کا نظام ہے۔ وزیر اعظم نے ان باتوں کا اظہار آج گجرات کے واٹر گورننس ماڈل سے متعلق ایک قومی روزنامے میں چھپے مضموں کو ساجھا کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ گجرات کا یہ ماڈل مختلف ممالک کے ایک مثال کے طور پر ابھر کر سامنے آرہا ہے۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کو میریٹائم طاقت اور ملک کی دفاعی صلاحیتوں کو دوام بخشنے کیلئے ایک مضبوط اور مربوط میریٹائم ایکو سسٹم اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ ویشاکھاپٹنم میں ہندوستان شپ یارڈ لمٹیڈ پر آج فلیٹ سپورٹ شپ 1 کو شروع کرنے اور فلیٹ سپورٹ شپ 5 کیلئے Keel رکھنے اور کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ پروجیکٹ بھارت کی میریٹائم صلاحیتوں کو مضبوط کرنے کے تعلق سے سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بحری فوج نے مختلف شعبوں میں بے مثال کام انجام دئے ہیں۔

----**Rajnath singh**----------

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ سنسکرت ایک ایسی سنہری کڑی ہے جو تمام بھارتی زبانوں کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑتی ہے۔نئی دلی میں آج شری لال بہادر شاستری نیشنل سنسکرت یونیورسٹی کے دوسرے کنوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ ہر ایک بھارتی زبان عظیم ہے اور ان زبانوں نے ملک کے ثقافتی منظر نامے کو فروغ دینے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت نے دیگر زبانوں کے ساتھ ساتھ سنسکرت زبان کو بڑھاوا دینے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔

وزیر اعلی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں 25 اکتوبر کو منعقد ہونے والے انٹرنیشنل میراتھن کے تیسرے ایڈیشن کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے اس میراتھن میں قومی اور بین الاقوامی سطح کے رنرس کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے پر زور دیا۔انہوں نے محکمہ سیاحت کو ہدایت دی کہ وہ معروف رنرس اور فٹنس انفلئنسر ز کی خدمات حاصل کرکے میراتھن کی تشہیری مہم میں تیزی لائیں۔اس موقعہ پر بتایا گیا کہ میراتھن کے مختلف زمروں میں 3 کروڑ 17 لاکھ روپے کے انعقامات تقسیم کئے جائیں گے۔

سی ایم ٹاور

حکومت نے جموں کشمیر کے دور افتادہ اور سرحدی علاقوں میں ہائی سپیڈ ٹیلی کام کنکٹیوٹی کے نظام کو مستحکم کرنے کی غرض سے ان علاقوں میں بی ایس این ایل موبائیل ٹاورس کی تنصیب کیلئے زمین دستیاب کرانے کو منظوری دی ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ یہ موبائیل ٹاور راوڑی، ٹنگمرگ، کرناہ، کالاکوٹ، کرالہ پورہ، بسنت گڑھ، کھوڑ، لٹی مروٹی، بانہال، پوگل پرستان، رام سو اور قلعہ درہال میں USOF کے تحت نصب کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس پہل سے آن لائن تعلیم، ای گورننس خدمات اور دیہی، دوردراز اور سرحدی علاقوں میں لوگوں کی ڈیجیٹل شمولیات کو یقینی بنانے مدد ملے گی۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے گورنمنٹ سلک ویوینگ فیکٹری راجناغ سرینگر میں ایک کیفے ہاؤس اور گیسٹ ہاؤس کے تجویدی کام کا سنگ بنیاد رکھا۔اس دوران نائب وزیر اعلیٰ نے وہاں JKI شوروم کا بھی معائینہ کیا ۔انہوں نے کہا کہ حکومت صنعتی یونٹوں کی جدید کاری اور صنعتی اثاثوں کو مکمل طور سے بروئے کار لانے کی وعدہ بندہ۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رنا نے لولاب حلقے کے لئے 35 کروڑ 64 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کی گئی 10 واٹر سپلائی سکیموں کا ای ۔افتتاح کیا۔اس موقعہ پر وزیر موصوف نے کہا کہ ان سکیموں کی بدولت حلقے کے مختلف دیہات میں 6 ہزار کنبوں کو پینے کا صاف پانی میسر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ سرکار یوٹی کے تمام علاقوں میں لوگوں تک پینے کا صاف پانی پہنچانے کی وعدہ بند ہے اور اس تعلق سے مختلف پروجیکٹ اور سکیمیں عملائی جارہی ہیں۔

وزیر موصوف نے کہا کہ مالی مشکلات کے باوجد جل شکتی محکمے کی طرف سے اس وقت مختلف اضلاع میں 30 واٹر سپلائی سکیموں پر کام شد و مد سے جاری ہے۔

کنونشن

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس پشیند رسنگھ بھاٹی نے کہا ہے کہ زرعی شعبے میں جدیدیت کے ساتھ ساتھ کسانوں کے ڈیجیٹل، اقتصادی اور قانون حقوق کی پاسداری کو بھی یقینی بنایا جانا چاہئے۔ سکاسٹ شالیمار میں انڈین سوسائٹی آف ایگریکلچرل انجینئرس کے **60** ویں ڈائمنڈ جوبلی کنونشن کے ایک خصوصی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زرعی ٹیکنالوجی کو زیادہ سے زیادہ کسان دوست بنانے کی ضرورت ہے۔

NAMC

نیشنل الائنس آن کمیونٹی فاریسٹ ریسورسز اینڈ مائینر فاریسٹ پرڈیوس کے ایک وفد نے آج قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں جموں کشمیر میں فاریسٹ رائٹس ایکٹ **2006** کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے میں ان کی مداخلت طلب کی۔ وفد میں مہاراشٹرا، ہماچل پردیش، اڈیشہ، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے نمائندے شامل تھے۔ سپیکر موصوف نے وفد کو یقین دلایا کہ اجاگر کئے گئے تمام معاملات کو متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

جن سیوا

وزیر اعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے اپنے سفر کے **25** سال مکمل کر رہے ہیں۔ ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی وزیر اعظم کے ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے جذبے سے واضح ہو جاتی ہے۔
اس خصوصی سیریز کے سلسلے میں سماعت کریں۔ ''شمال مشرقی خطے کی ترقی' سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

..........Report.........

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ حضرت علمدار کشمیر شیخ نور الدین نورانی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے سلسلے میں چرار شریف میں تمام انتظامات مکمل کریں۔

انہوں نے حضرت میر سید لطیف اللہ دوار کی رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں بھی بجلی، پانی، صفائی ستھرائی اور دیگر سہولیات رکھنے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے۔

ادھر نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کی صدر شمیم فردوس نے سرینگر میں ایک فٹ بال کلب کے کھلاڑیوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو سماجی بدعات سے دور رکھنے کیلئے انہیں کھیل سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بی جے پی

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں آج شکھشا نکیتن سینئر سکینڈری سکول جیون نگر جموں میں سیوا سنکلپ ابھیان کے تحت ایک رنگولی کا اہتمام کیا گیا۔اس موقعہ پر ست شرما نے کہا کہ ہیومن رنگولی محض ایک تخلیقی پیشکش نہیں ہے بلکہ اس سے ایک مضبوط ترقی یافتہ اور خود انحصار بھارت کے تئیں نوجوان پود کے جذبات کی عکاسی ہوتی ہے۔اس موقعہ پر پارٹی کے کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

الطاف ٹھاکر

بی جے پی جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے الزام لگایا ہے کہ جموں کشمیر اسمبلی کا حالیہ اجلاس بقول ان کے پوری طرح سے ناکام رہا۔ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ ایوان کو ایک سیاسی اکھاڑے میں تبدیل کیا گیا اور عام لوگوں کے مسائل حل کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج آج بڈگام اور اننت ناگ اضلاع میں **7** ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیا برآمد کی ہے۔کولگام میں بھی پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کیا ہے۔

عالمی دن

آج Cerebral Palsy سے تحفظ اور بیداری کا عالمی دن ہے، اس دن کا مقصد اس بیماری سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس سلسلے میں دنیا بھر کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں کئی بیداری پروگرام اور سمیناروں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔
ماہرین صحت کے مطابق بروقت تشخیص اور فوری طبی امداد سے اس بیماری کی پیچیدگیوں اور معذوری کے خطرے کو کم کیا جاسکتا ہے۔

مختار احمد

وادی کے مختلف علاقوں میں آج صبح سے مطلع اَبر آلود رہا۔ کئی علاقوں میں آج صبح ہلکی بوندھا باندھی ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات نے آنے والے دو ایک دنوں کے دوران بیشتر علاقوں میں ہلکی بارش اور پہاڑی علاقوں میں ہلکی برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ اس تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

----**Mukhtar Ahamd**-----------

اعجاز بٹ

ڈائریکٹر سیریکلچر جموں کشمیر اعجاز احمد بٹ نے اوڑی بارہموہ میں مختلف دیہات کا دورہ کر کے وہاں جاری سریکلچر سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے وہاں کرم کشوں کے ساتھ بات کی اور انہیں یقین دلایا کہ محکمہ ان کی بہبودی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔

NIT

نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر میں آج ماڈلنگ، سمیولیشن اینڈ آپٹمائزیشن آف انرجی سسٹمز سے متعلق دو روزہ بین لاقوامی کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی جالندھر کے اشتراک سے منعقدہ اس کانفرنس میں دبئی، امریکہ، سری لنکا، کنیڈا اور ملیشا سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے آن لائن اور آف لائن موڈس کے ذریعے سے شرکت کی۔ **NIT** سرینگر کے ڈائریکٹر اور کانفرنس کے سرپرست پرفیسر انوراگ مسرا نے کہا کہ کانفرنس کے دوران تحقیق دانوں کو صاف، فعال اور دیرپا توانائی نظام کیلئے ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق تبادلہ خیال کرنے کیلئے ایک سازگار پلیٹ فارم دستیاب ہوا۔

عالمی بنک

عالمی بنک نے رواں مالی سال کے دوران بھارت کی **GDP** کی شرح نمو **7** عشاریہ **1** فیصد کے حساب سے بڑھنے کی پیشگوئی کی ہے۔ عالمی بنک نے اپریل کے مہینے میں **6** عشاریہ **6** فیصد کی پیشگوئی کی تھی۔

عالمی بنک نے مزید کہا ہے کہ عوامی سرمایہ کاری اور بہتر مالی اور پالیسی سازی کی بدولت ترقی کے عمل کو تقویت حاصل ہوئی ہے۔

موسم

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **24.6** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **14** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32.9** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.6** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **29** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **7** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ۔ ہمیں دیجئے اجازت۔

خدا حافظ۔